ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ

sers\
E\Desktc
Logo

(رجسٹرار آفس)

اشتہار برائے الحاق جملہ گرلز کالجز (پبلک وپرائیویٹ سیکٹر) سال 2019-20 و 2019-23

ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ کے ساتھ الحاق کے لیے درج ذیل پروگرامز میں ریاست کے جملہ گرلز کالجز جو دلچسپی رکھتے ہوں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

(Annual System)	(Semester System)
Faculty of Arts	**Faculty of Arts**
Associate Degree Program (2 years)	**Undergraduate Programs (4 years)**
Associate Degree in Arts (ADA)	BS English, BS Economics, BS Education, BBA, BS IR
Faculty of Science	B) Masters Programs (2 years)
Associate Degree Program (2 years)	M.A English, M.A Sports Sciences & Physical Education,
Associate Degree in Science (ADS)	M.A Economics, M.Sc IR
	Faculty of Science
	Undergraduate Programs (4 years)
	BS Computer Science, BS Chemistry, BS Physics, BS
	Botany, BS Bio-Technology, BS Mathematics, BS Zoology

۱۔ ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ ریاست بھر میں خواتین کی پہلی اور واحد پبلک سیکٹر یونیورسٹی ہے جس کا قیام 2014ء میں آزاد جموں وکشمیر اسمبلی کے ایکٹ کے تحت عمل میں آیا جسکی حدود پوری ریاست آزاد جموں وکشمیر ہے۔ اس وقت جامعہ ہذا میں بی ایس چار سالہ (سائنس و آرٹس)، ایم اے، ایم ایس سی اور ایم فل کے (14) مختلف شعبہ جات میں 3000 سے زائد طالبات زیر تعلیم ہیں اور یہ کہ گزشتہ سیشن سے سائنسز کے چار مختلف شعبہ جات میں HEC کی طرف سے PhD کے اجراء کے لیے اجازت نامہ (NOC) جاری ہونے کے بعد HEC کی پالیسی اور معیار پر سختی سے عمل کرتے ہوئے شعبہ باٹنی میں PhD کا اجراء ہو چکا ہے۔

۲۔ آزاد جموں وکشمیر کی حدود میں واقع پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ کالجز جو ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ کے ساتھ الحاق کروانا چاہتے ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کالج کے الحاق کے لیے درخواست فارم بنک ڈرافٹ مبلغ -/5,000 (پروسیسنگ فیس نا قابل واپسی) اور اضافی فیس مبلغ -/5,000 فی مضمون رجسٹرار آفس (شعبہ جنرل) میں 30 ستمبر 2019ء تک جمع کرواسکتے ہیں۔

۳۔ ایسے ادارے جو دیئے گئے Criteria اور قواعد وضوابط پر پورا اُتریں گے وہ وزٹ فیس مبلغ -/10,000 روپے (گورنمنٹ کالجز کے لیے) اور مبلغ -/15,000 روپے (پرائیویٹ کالجز کے لیے) یونیورسٹی اکاؤنٹ میں جمع کروائیں گے۔ فیس جمع ہونے کی صورت میں ہی وزٹ ممکن ہوگا۔

۴۔ الحاق کے لیے ہر پروگرام کا علیحدہ علیحدہ Evaluation Proforma پُر کرتے ہوئے درخواست فارم کے ہمراہ شامل کرنا ضروری ہوگا۔ پروفارمہ پُر کرنے کے لیے ہدایات درخواست فارم کے ساتھ منسلک ہیں۔

۵۔ درخواست دینے والا ادارہ کوئی بھی تعلیمی پروگرام شروع کرنے کا اس وقت تک مجاز نہ ہوگا جب تک یونیورسٹی الحاق کمیٹی اور ایچ ای سی یا متعلقہ کونسل کی شرائط پوری نہ کر لے اور جامعہ ہذا سے تحریری اجازت نامہ حاصل نہ کر لے۔

۶۔ وہ تمام پروگرام جن میں کونسلز کی شرائط لاگو ہوتی ہیں ان کے لیے NOC کے بغیر درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ البتہ متعلقہ کونسل کے پاس درخواست جمع ہونے کی صورت میں درخواست جمع کروائی جاسکتی ہے۔ تاہم اس وقت تک الحاق نہیں ہوگا جب تک NOC مہیا نہ کیا جائے گا۔ مزید براں گورنمنٹ آف آزاد کشمیر سے تمام اداروں کی رجسٹریشن لازمی ہے جن اداروں کے پاس مطلوبہ رجسٹریشن نہ ہو وہ درخواست دینے کی زحمت نہ کریں۔

۷۔ الحاق فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.wuajk.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ:۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کے تحت سال رواں سے بی اے/بی ایس سی کو ختم کرتے ہوئے ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (ADP) شروع کئے جا رہے ہیں جس میں فیکلٹی آف آرٹس کے تحت ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس (ADA) جبکہ فیکلٹی آف سائنس کے تحت ایسوسی ایٹ ڈگری سائنس (ADS) کے دو سالہ پروگرام شروع کیے جا رہے ہیں۔ ایف اے/ایف ایس سی کے بعد دو سالہ ڈگری پروگرام کے الحاق کے لیے (ADA) اور (ADS) میں داخلہ جات کے درخواست فارم جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ تمام کالجز کو ہدایت کی گئی ہے کہ اس سال طلباء وطالبات کو (ADA) اور (ADS) میں داخل کریں کیونکہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن سال 2019ء کے بعد BA اور B.Sc کی ڈگری تصدیق نہیں کرے گا۔

(پروفیسر ڈاکٹر صدیقہ فردوس)